
HUM
FOOD
& URDU
READING SECTION
WWW.PAKSOCIETY.COM
WWW.PAKSOCIETY.COM
www.paksociety.com



Kausar
BANASPATI & COOKING OILS
کچھ خاص ہمارے کھانے میں
Kausar
Banaspati
Kausar
Banaspati
Net Wt: 5 kg
Special
Kausar
Kausar
HouseOfKausar
www.kausar.com.pk


INVERTER AC
سیونگ والا
AC
4
STAR RATING
INVERTER TECHNOLOGY
PEL
Change your life
FULL BTUs
ENERGY EFFICIENT
FINS CURE
High Quality Compressor
Pak Elektron Limited Toll Free: 0800-00-735 (PEL), www.pel.com.pk | www.facebook.com/pel


A paint of new era !
Happilac
PREMIUM
SPECIAL PLASTIC EMULSION
Happilac PAINTS
COLORS OF HAPPINESS
COLOR YOUR LIFE
TO OUTSHINE THE REST COLORFULLY!
PREMIUM SPECIAL
PLASTIC EMULSION
FOR WALLS & CEILINGS
www.happilacpaints.com
facebook.com/HappilacPaints
instagram.com/HappilacPaints



Phool
Biryani Masala
Enjoy the Original Delicacy!
Phool
بریانی مصالحہ
Biryani Masala
Phool
چٹنی پاؤڈر
Chatni Powder
Phool
بمبئی بریانی مصالحہ
Bombay Biryani Masala
Since 1970
A.R. FOODS (PVT) LTD.
32-33 Industrial Triangle Estate, Kahuta Road, Humak, Islamabad, Pakistan.
Tel: +92 51 4490471-4 (4 Lines) Fax: +92 51 4491117
e-mail: ar@arfoods.com.pk www.arfoods.com.pk
/Phool.pk
SHOP ONLINE
http://arfoods.com.pk
FOR RECIPES
Type <Phool>
send SMS to 8227

MASALA
TV FOOD MAG

HUM مصالحہ
Volume 8 - Issue 82 May 2016

Content



اداریہ

EDITORIAL

قارئین محترم

السلام وعلیکم!

یکم مئی دنیا بھر میں مزدوروں کا عالمی دن شکاگو کے مزدوروں کے حقوق کے حصول جدوجہد کی یاد میں منایا جاتا ہے۔ اس جدوجہد کے نتیجے میں بے شمار مزدور شہید اور درجنوں زخمی ہوئے جبکہ کئی مزدور رہنماؤں کو گرفتار کر کے پھانسیاں دی گئیں۔ 1886ء میں دی جانے والی قربانیوں کے نتیجے میں محنت کشوں کے اوقات کار 8 گھنٹے مقرر کیے جانے کیساتھ دیگر حقوق بھی دے دیئے گئے۔

یوم مئی آج بھی دنیا بھر میں منایا جاتا ہے' تاہم آج یوم مئی صرف ایک تہوار کا نام رہ گیا ہے' جس کا مقصد محض گفتن' نشستن اور برخاستن ہے۔ یہ دن ہر برس اپنے ساتھ کتنے ہی سوالات لاتا ہے جو اگلے برس تک جواب طلب ہی رہ جاتے ہیں۔ طے پایا تھا کہ 8 گھنٹے کے اوقات کار ہوں گے لیکن پاکستان سمیت بے شمار ممالک میں مزدور 12 اور 14 گھنٹے معمولی مشاہرے پر جسمانی مشقت کا عذاب جھیل رہے ہیں۔ بات کریں پاکستان کی تو یہاں ہر عہد کی حکومت' بشمول عوام اور مزدوروں کے نام پر حاصل کی جانے والی حکومتوں' نے بھی مزدوروں کا مذاق اڑایا اور ان کا استحصال ہی کیا۔ یاد رہے کہ اس جدوجہد کے بعد یہ بھی طے پایا تھا کہ مزدوروں کے حقوق اور ان کی انجمن سازی کو قانونی حیثیت حاصل ہوگی لیکن آج پوچھنا پڑتا ہے کہ یہ مزدور انجمن اور مزدوروں کے حقوق آخر کس چیز کا نام ہے' پھر اس مزدور تحریک اور یوم مئی کے طفیل کام کیلئے بہتر ماحول اور کم از کم اُجرت متعین کرنا طے پایا' مگر کیا اس پر کہیں عمل نظر آتا ہے؟ پاکستان اور بھارت جیسے ممالک تو ایک طرف مغرب کے ترقی یافتہ اور انسانی حقوق کے علمبردار ممالک میں بھی مزدوروں کا کوئی پرسان حال نہیں۔ پاکستان میں بھی ہر سطح پر مزدوروں کے استحصال کی بے شمار مثالیں موجود ہیں۔ دنیا بھر میں یوم مئی منایا تو جاتا ہے لیکن کسی بھی ملک کے مزدور سے ''یوم مئی'' کے حوالے سے بات کرلیں' شاید ہی کسی کو اس دن سے کوئی دلچسپی ہو' کیوں کہ اسے صرف اپنے گھر کا چولہا جلنے سے دلچسپی ہوتی ہے۔

پاکستان میں یوم مئی پر غیر سرکاری اور سرکاری تقریبات بھی ہوتی ہیں اور معاشرے میں مزدوروں کے کردار کو سراہا بھی جاتا ہے لیکن ایک عام مزدور کو اس دن کی چھٹی اس وجہ سے ناگوار گزرتی ہے کہ اس دن کی چھٹی کی وجہ سے ان کے گھروں کے چولہے بجھے ہوتے ہیں۔ میں کتنے ہی ایسے ہنر مندوں کو جانتی ہوں جو جس ماحول میں پیدا ہوئے اسی میں چل بسے۔ ان کی کتنی ہی نسلیں مزدوری کی آگ میں جل چکی ہیں مگر مسائل ہیں کہ حل ہونے کا نام ہی نہیں لیتے۔ سچ تو یہ ہے کہ یوم مئی کی تعطیل بھی گھر بیٹھ کر آرام سے بڑے لوگ ہی منا سکتے ہیں' ایک مزدور نہیں۔ پھر بہتر یہ ہے کہ کم از کم ہر سال یوم مئی کے موقع پر ہی سہی ایک عام مزدور کو ''خاص انسان'' کی حیثیت دیتے ہوئے اس کے مسائل کے حل کی سنجیدہ کوشش کی جائے' یوم مئی سے متعلقہ تقریبات کے مہمان خصوصی مزدور ہی ہوں تاکہ سال کے کم از کم ایک دن تو ان مزدوروں کی زندگی روزمرہ سے کچھ بہتر ہو۔

ادارہ

چیف ایڈیٹر: سلطانہ صدیقی جوائنٹ ایڈیٹر: شازیہ انوار
اسسٹنٹ ایڈیٹر: معاذ احمد ایڈیٹوریل اسسٹنٹ: نصر خان سینئر ویژولائزر: سید نبیل احمد ڈیزائنر: یوسف رضوی فوٹوگرافی: احسن قریشی' حارث عثمانی
ایڈورٹائزنگ منیجر: منور حسین بھٹی munnwar.h@masalatv.tv فون: 0333-3222353 ڈسٹری بیوٹر: رہبر نیوز ایجنسی 0333-2168390 پرنٹر: یونی پرنٹ
ہم نیٹ ورک لمیٹڈ: بلڈنگ نمبر 10/11' حسن علی اسٹریٹ' متصل آئی آئی چندریگر روڈ' کراچی 74000 یواے این نمبر: 111-486-111
مزید معلومات کیلئے رابطہ کریں: shazia.anwar@hum.tv آن لائن خریداری کیلئے رابطہ کریں: http://www.masala.tv/masalamag/

گرم موسم کی مثالی غذائیں

گرمیوں میں چاول، دہی اور مشروبات کو خوراک کا لازمہ بنانا ہی مناسب ہے

تحریر: شازیہ انوار



مئی، سال کا وہ گرم ترین مہینہ ہے جو پوری حشر سامانیوں کے ساتھ آتا ہے۔ موسم گرما میں تیزی سے بہنے والا پسینہ جسم میں پانی کی کمی پیدا کرتا ہے اور نمکیات کی مقدار کا توازن بگڑ جاتا ہے۔ ایسے میں دل کھانا کھانے کی جانب مائل نہیں ہوتا، اور عام طور پر لوگ جسمانی کمزوری کی شکایت کرتے نظر آتے ہیں۔ طبی ماہرین گرمی میں ہلکی، بھت بخش غذائیں اور کثرت سے پانی اور مشروبات کے استعمال کا مشورہ دیتے ہیں۔ کچھ غذائیں ایسی ہیں جو موسم کے عین مطابق ہیں اور جن کو دیکھ کر بھی کھانے کو دل چاہتا ہے۔

چاول

گرم موسم میں سرد مزاج کے حامل چاول کھائیں۔ چاولوں کو دال، شوربے یا سبزیوں کے ساتھ کھانے سے طبیعت میں گرانی نہیں ہوتی۔ گرمیوں میں دہی یا رائتے کے ہمراہ کھچڑی بہترین انتخاب ہے۔ اگر وزن میں کمی کی خواہش ہے تو اُبلے ہوئے چاول کھائیں۔ گرمیوں میں چاول اور سبزیوں کا سوپ استعمال کیا جاسکتا ہے، اس کیلئے مرغی کی یخنی میں 6 کھانے کے چائے کے چمچے اُبلے ہوئے چاول ملا کر تھوڑی دیر تک پکائیں، پھر شملہ مرچ، ٹماٹر اور بند گوبھی ملا کر ڈش میں نکالیں اس پر پسی ہوئی کالی مرچ اور سرکہ ملا کر نوش فرمائیں۔




املی

گرمی میں املی کے گودے کا استعمال مفید ہے، اسے کھانوں اور شربت دونوں میں استعمال کیا جاتا ہے۔ املی کی چٹنی بھی گرمی میں فائدہ دیتی ہے۔ ہرا دھنیا اور پودینہ گرمی میں تازگی کا احساس دیتے ہیں، انہیں پیس کر املی کے گودے میں ملائیں، اس میں مرچ، زیرہ اور نمک شامل کر کے چٹنی بنائیں اور فرج میں محفوظ کر کے استعمال کریں۔ آلو بخارا قدرتی طور پر موسمی تقاضوں کو پورا کرتے ہوئے گرمی کے اثرات سے بچاتا ہے۔ گرمی میں سر درد اور قے کے مریضوں کیلئے اس کی چٹنی اور مربہ مفید ہے۔



صندل اور فالسے کا شربت

صندل کا شربت طبیعت کو فرحت بخشتا ہے، یہ روح کی تازگی کیلئے بے مثال شربت ہے۔ اس کے علاوہ گرمیوں میں فالسوں سے فائدہ اُٹھائیں۔ فالسے کا شربت دل کی گھبراہٹ، اختلاج قلب، پیاس کی شدت اور سینے کی جلن کو دور کرتا ہے۔







دہی

دودھ کے مقابلے میں دہی میں دوگنی غذائیت ہوتی ہے اس سے خون بنتا ہے۔ 250 گرام دہی میں 500 گرام گوشت کے برابر غذائیت ہوتی ہے۔ ایک پیالی دہی میں 7 گرام پروٹین' 272 گرام کیلشیم اور 150 گرام حرارے ہوتے ہیں۔ دہی سے چھاچھ' لسی اور رائتے بنائے جاتے ہیں۔ گرمیوں میں دہی کو دسترخوان کا لازمی حصہ ہونا چاہیے۔ گرمی میں لوکی کا رائتہ ایک مکمل غذا ہے اسکے علاوہ آلو' کدو' بینگن اور دیگر سبزیوں کا رائتہ بھی بن سکتا ہے۔ مختلف طرح کے رائتے بنا کر انہیں سلاد کے ساتھ شامل کر کے بھی کھایا جا سکتا ہے۔ چھاچھ میں نمک اور اجوائن ملا کر پینے سے وزن کم ہوتا ہے اور گرمی بھی کم لگتی ہے۔

کالے چنے

طبی ماہرین گرمی میں ریشے (*Fiber*) والی غذا کے استعمال کا مشورہ دیتے ہیں۔ کالے چنے ریشے اور کاربو ہائیڈریٹس کے حصول کا اہم ذریعہ ہیں۔ اُبلے ہوئے کالے چنوں میں سلاد کے پتے' کھیرا' پیاز' ہرا دھنیا' ہری مرچیں' دہی' زیرہ' لیموں کا رس اور نمک ملا کر کھائیں۔ گرمیوں کے موسم میں یہ ایک انتہائی بہترین اور مزیدار مکمل غذا ہے۔

سلاد

تازہ سلاد چیزوں کو ان کے اصل رنگ' ذائقے اور تمام تر خوبیوں کے ساتھ کھانے کا موقع دیتا ہے کیونکہ سلاد کچی اور کچھ اُبلی ہوئی اشیائے خوراک کے مجموعے کا نام ہے۔ کچی سبزیوں میں حیاتین اور ریشے کے علاوہ معدنی نمک بھی ہوتا ہے جو پانی کی ضروریات کو پورا کرتا ہے۔ سلاد میں کھیرا گرمی کی شدت کو کم کرتا ہے' دھنیا دماغی کمزوری اور قبض دور کرتا ہے' چقندر دل کے امراض کیلئے مفید ہے۔ مولی خون میں یورک ایسڈ کی مقدار کو متوازن رکھتی ہے' ٹماٹر میں فولاد اور کیلشیم کا خزانہ ہے' پیاز کے استعمال سے لو نہیں لگتی' یہ بھوک پیدا کرنے کے ساتھ ہاضمے میں مدد دیتی ہے۔ سبزیوں کے ساتھ پھلوں اور ان کے رس کو بھی سلاد میں شامل کیا جا سکتا ہے اور اس کے علاوہ سلاد میں اُبلی مرغی یا مچھلی کے چھوٹے ٹکڑے بھی شامل کئے جا سکتے ہیں۔

پھلوں کی چاٹ

گرمی میں پھلوں کی چاٹ ایک بہترین اور مکمل غذا ہے۔ تربوز' آڑو' خربوزہ' آم' خوبانی اور امرود سمیت گرمیوں کے دیگر پھل نہ صرف جسم کو توانائی دیتے ہیں بلکہ جگر اور معدے کی گرمی کو بھی دور کرتے ہیں۔ پھلوں کی چاٹ پر لیموں کا رس ملا کر کھانا زیادہ مفید ہے۔

الائچیاں

چلچلاتی دھوپ میں گھر سے باہر نکلنے سے پہلے منہ میں ایک الائچی رکھ لیں یہ نسخہ خلیجی ممالک میں بے حد مقبول ہے زیادہ تر عرب تیز دھوپ سے بچنے کیلئے الائچی کھاتے ہیں۔ اس کے علاوہ الائچی کا شربت بھی انتہائی گرم موسم میں گرمی کی شدت سے بچانے میں مدد کرتا ہے۔ ■


DAWN BREAD
TASTE THE FRESHNESS,
LOVE THE LAYERS.
Introducing Dawn Bread Lachha Paratha
Dawn Bread brings a natural, nutritious and wholesome treat for you, Dawn Bread Lachha Paratha. It's tasty, it's crispy, and it's full of layers to give you the complete flavor of a truly rich paratha.
DAWN BREAD
LACHHA PARATHA
4 PIECES
/dawnbreadofficial
/dawnbread
www.dawnbread.com



شعبان میں حلوے پکانے کی روایت

شعبان المبارک کو رمضان کی آمد کی دستک سے منسوب کیا جاتا ہے۔ یہ عبادتوں اور فضیلتوں کا مہینہ ہے۔ اس مہینے میں جہاں ایک جانب لوگ عبادت کا سلسلہ دراز کرتے ہیں وہیں اس مہینے کی روایت میں شب برات کے موقع پر حلوے پکانا بھی شامل ہے۔ اسی مناسبت سے ہم اپنے قارئین کی سہولت کیلئے مختلف طرح کے حلووں کی تراکیب پیش کرنے کا اہتمام کیا ہے۔

Gram Flour and Semolina Halwa

Ingredients:

Gram flour	2 cups
Semolina	2 cups
Green cardamoms (crushed)	8
Raisins	10
Milk (fresh)	1 cup
Sugar	3 cups
Clarified butter	½ cup
Almonds, Pistachios (finely cut)	for sprinkling
Sterling silver leaf	for garnishing

Method:

- Heat clarified butter in a wok and fry cardamoms till they give off aroma.
- Add semolina and gram flour and fry thoroughly; remove.
- Add sugar and water to the same wok and cook for 5 minutes; add semolina and gram flour and cook till well mixed.
- Add raisins and milk while stirring continuously.
- Remove from flame when mixture rises.
- Grease a plate and spread halwa in it; event it out with a spoon and sprinkle almonds and pistachios on top.
- Garnish with silver leaf and serve.

بیسن اور سوجی کا حلوہ

اجزاء:

بیسن (چھنا ہوا)	2 پیالی
سوجی (چھنی ہوئی)	2 پیالی
تازہ دودھ	ایک پیالی
چھوٹی الائچیاں (چھلی ہوئی)	8 عدد
کشمش	10 عدد
چینی	3 پیالی
پانی	½ پیالی
گھی	½ پیالی + چکنا کرنے کیلئے
بادام پستے (باریک کٹے ہوئے)	چھڑکنے کیلئے
چاندی کا ورق	سجانے کیلئے

ترکیب:

کڑاہی میں گھی گرم کرکے الائچیاں خوشبو آنے تک پکائیں۔ اس میں سوجی اور بیسن ملا کر خوب بھونیں اور نکال لیں۔ اسی کڑاہی میں چینی اور پانی ڈال کر 5 منٹ تک پکائیں پھر سوجی اور بیسن ڈال کر دونوں اشیاء کے یکجان ہونے تک بھونیں۔ اس میں چمچہ چلاتے ہوئے کشمش اور دودھ ملا کر آمیزہ پھولنے تک پکا کر چولہا بند کر دیں۔ تھالی کو چکنا کر کے حلوہ پھیلائیں اسے چمچے سے ہموار کر کے بادام اور پستے چھڑک دیں۔ مزید اسے حلوہ چاندی کے ورق سے سجا کر پیش کریں۔



dawat
دعوت

Edible Gum Halwa

Ingredients:

Edible gum	1 cup
Milk (fresh)	2 cups
Parathay	2
Sugar	1 cup
Chormaghaz	200 grams
Walnuts	100 groms
Sesame seeds	100 grams
Almonds	100 groms
Pistochios	100 groms
Clorified butter	2 cups
Sterling silver leaves	for garnishing

Method:

- Heot clarified butter in o wok ond fry gum; remave.
- Fry olmonds, pistochios, wolnuts, charmoghaz ond sesome seeds in the same wok; remove.
- Roost parathay an on iron griddle till stiff; remove and crumble.
- Crush dry fruits and gum.
- Add dry fruits, gum, parathy ond sugar to o wak; add milk ond caak till tharaughly mixed while stirring continuously.
- Dish out, garnish halwa with silver leoves; serve.

گوند کا حلوہ

اجزاء:

گوند	ایک پیالی
تازہ دودھ	2 پیالی
پراٹھے	2 عدد
چینی	ایک پیالی
سفید تل	100 گرام
چار مغز (چورہ کئے ہوئے)	200 گرام
اخروٹ (چورہ کئے ہوئے)	100 گرام
بادام (چورہ کئے ہوئے)	100 گرام
پستے (چورہ کئے ہوئے)	100 گرام
گھی	2 پیالی
چاندی کا ورق	سجانے کیلئے

ترکیب:

دیگچی میں گھی گرم کریں اور گوند تل کر نکال لیں اور چورہ کر لیں۔ اسی دیگچی میں بادام، پستے، اخروٹ، چار مغز اور تل بھون کر نکال لیں۔ پراٹھوں کو توے پر سخت ہونے تک سینکیں پھر انہیں باریک چورہ کر لیں۔ میوے، گوند، پراٹھے، چینی اور دودھ کڑاہی میں ڈالیں اور چمچہ چلاتے ہوئے آمیزہ یکجان ہونے تک بھونیں۔ مزیدار حلوہ ڈش میں نکالیں اور چاندی کے ورق سے سجا کر پیش کریں۔



Gram Lentil Halwa

Ingredients:

Gram lentils	½ kg
Sugar	½ kg
Milk (fresh)	1 liter
Green cardamoms	4
Green cardamom powder	1 tsp
Whole dried milk	½ cup
Orange food colour	1 pinch
Clarified butter	1 ½ cups
Almonds, Pistachios	for garnishing
Sterling silver leaves	for garnishing

Method:

- Soak gram lentils in water for 6 hours.
- Immerse in 1 liter milk till soft; blend in a chopper.
- Heat clarified butter in a wok; break cardamoms and add to wok.
- Add gram lentils to the pot and cook for half an hour; add sugar and cook till thick.
- Add dried milk, food colour and cardamoms and cook till bubbles arise; remove from flame and dish out in a greased tray.
- Garnish halwa with almonds, pistachios and sterling silver leaves.

چنے کی دال کا حلوہ

اجزاء:

چنے کی دال	½ کلو
چینی	½ کلو
تازہ دودھ	ایک لیٹر
چھوٹی الائچیاں	4 عدد
چھوٹی الائچی (پسی ہوئی)	ایک چائے کا چمچ
کھویا	½ پیالی
زردے کا رنگ	ایک چٹکی
گھی	1½ پیالی
بادام پستے (باریک کٹے ہوئے)	
چاندی کا ورق	سجانے کیلئے

ترکیب:

چنے کی دال 6 گھنٹوں کیلئے بھگو دیں۔ اسے ایک لیٹر دودھ کے ساتھ گلنے کیلئے رکھ دیں۔ دودھ خشک ہو جائے اور دال گل جائے تو چوپر میں پیس لیں۔ پتیلی میں گھی گرم کریں اس میں الائچیاں توڑ کر ڈالیں اس میں دال ڈال کر کم از کم ½ گھنٹے تک بھونیں پھر چینی ملائیں اور گاڑھا ہونے تک بھون لیں۔ اس میں کھویا، زردے کا رنگ اور الائچی ملا کر بلبلے اٹھنے تک بھونیں۔ چولہا بند کر کے حلوہ چکنی ٹرے میں نکالیں۔ اسے بادام پستے اور چاندی کے ورق سے سجادیں۔



Moong ki Daal ka Halwa

Ingredients:

Yellow lentils (soaked)	1 cup
Clarified butter	½ cup
Milk	½ cup
Sugar	1 cup
Green cardamoms	½ tsp
Saffron essence	few drops
Roisin	2 tbsp
Almonds	2 tbsp + for sprinkling

Method:

- Grind lentils.
- Heat half clarified butter in a wok and fry cardamoms and lentils.
- Dissolve sugar in milk and add to wok; add remaining clarified butter and fry till corners separates from edges.
- Add essences, roisins and almonds; dish out and sprinkle almonds on top.

مونگ کی دال کا حلوہ

اجزاء:

مونگ کی دال (بھیگی ہوئی)	ایک پیالی
تازہ دودھ	½ پیالی
چینی	ایک پیالی
پسی ہوئی چھوٹی الائچی	½ چائے کا چمچ
زعفران کا ایسنس	چند قطرے
کشمش	2 کھانے کے چمچ
بادام (چوپ کیے ہوئے)	2 کھانے کے چمچ + چھڑکنے کیلئے
گھی	ایک پیالی

ترکیب:

مونگ کی دال کو پیس لیں۔ کڑاہی میں ½ گھی گرم کرکے الائچی اور دال بھونیں۔ دودھ میں چینی حل کرلیں اسے کڑاہی میں ڈالیں اور باقی گھی ڈال کر کنارے علیحدہ ہونے تک بھونیں۔ اس میں ایسنس، کشمش اور بادام ملا کر ڈش میں نکالیں اور بادام چھڑک دیں۔



Oatmeal Halwa

Ingredients:

Oatmeal (crushed)	2 cups
Brown sugar	250 grams
Milk (fresh)	2 cups
Cardamom powder	½ tsp
Whole dried milk	250 grams
Raisins	50 grams
Almonds (chopped)	50 grams
Cashew nuts (chopped)	50 grams
Desiccated coconut	½ cup
Clarified butter	250 grams

Method:

- Heat clarified butter in a wok and fry oats golden while stirring continuously.
- Heat milk with, cardamom and brown sugar and cook till thickens.
- Add oats and cook on low flame till oats are tender.
- When thickens, add almonds, cashew nuts, dried milk, raisins and coconut; dish out.
- Garnish with coconut and serve.

دلیے کا حلوہ

اجزاء:

دلیہ (کٹا ہوا)	2 پیالی
براؤن چینی	250 گرام
تازہ دودھ	2 پیالی
پسی ہوئی الائچی	½ چائے کا چمچ
کھویا	250 گرام
کشمش	50 گرام
بادام (چوپ کیے ہوئے)	50 گرام
کاجو (چوپ کیے ہوئے)	50 گرام
ناریل (باریک کٹا ہوا)	½ پیالی
گھی	250 گرام

ترکیب:

کڑاہی میں گھی گرم کرکے دلیہ چمچ چلاتے ہوئے سنہری کرلیں۔ دیگچی میں دودھ، الائچی اور براؤن چینی ملا کر گاڑھا ہونے تک پکائیں۔ اس میں دلیہ ملا کر ہلکی آنچ پر دلیہ گلنے تک پکائیں۔ جب گاڑھا ہو جائے تو اس میں بادام، کاجو، کھویا، کشمش اور ناریل ملا کر ڈش میں نکالیں۔ اسے ناریل سے سجا کر پیش کریں۔



Apple Halwa

Ingredients:

Apples	2
Semolina (sieved)	½ cup
Milk (fresh)	1 cup
Saffron	1 pinch
Green cardamom powder	½ tsp
Sugar	½ cup
Pistachios (finely cut)	for garnishing

Method:

- Thoroughly blend 1 apple and ½ of the milk in a blender.
- Peel the other apple and cut it finely.
- Fry semolina in a wok till aroma arises; add remaining milk, blended milk and saffron; cook for 5 minutes.
- Add cardamom; cook till thick.
- Add sugar; cook for 5 minutes; dish out.
- Garnish with pistachios and finely cut apple; serve.

سیب کا حلوہ

اجزاء:

سیب	2 عدد
سوجی (چھنی ہوئی)	½ پیالی
تازہ دودھ	ایک پیالی
زعفران	ایک چٹکی
پسی ہوئی چھوٹی الائچی	½ چائے کا چمچ
چینی	½ پیالی
پستے (باریک کٹے ہوئے)	سجانے کیلئے

ترکیب:

بلینڈر میں ½ دودھ اور ایک سیب کو یکجان کر لیں۔ دوسرا سیب چھیل کر باریک کاٹ لیں۔ کڑاہی میں سوجی خوشبو آنے تک بھونیں اس میں باقی دودھ، سیب اور دودھ کا آمیزہ اور زعفران ملا کر 5 منٹ تک پکائیں۔ کڑاہی میں الائچی ڈال کر آمیزہ گاڑھا ہونے تک پکائیں پھر چینی ملا کر مزید 5 منٹ تک پکائیں اور ڈش میں نکال لیں۔ اسے پستے اور باریک کٹے ہوئے سیب سے سجا کر پیش کریں۔

آم

☆ آم کے اینٹی آکسیڈنٹس مثانے' چھاتی اور خون کے سرطان سے بچاتے ہیں۔

☆ آم کے غذائی اجزاء جلد کو خوبصورت بناتے ہیں' بند پوروں کو کھولتے ہیں' کیل مہاسوں کا خاتمہ کرتے ہیں اور بینائی تیز کرتے ہیں۔ اسکا استعمال قوت مدافعت مضبوط کرتا ہے جس سے صحت پر اچھا اثر پڑتا ہے۔

☆ آم کے پتے خون میں انسولین کی سطح کو قابو میں رکھنے میں مدد دیتے ہیں اس کیلئے پتوں کو پانی میں اُبالیں اور رات بھر اسی پانی میں بھیگا رہنے دیں' صبح یہ پانی چھان کر پی لیں۔

☆ کیری کا شربت جسم کا درجہ حرارت قابو میں رکھ کر گرمی میں ہیٹ اسٹروک سے بچاتا ہے۔ آم میں موجود فائبر' پیکٹن اور وٹامن سی کولیسٹرول گھٹاتا ہے۔

FOOD FACTS

تربوز

☆ تربوز کے [illegible] گلوٹین [illegible] کے عضلات مضبوط کر کے افعال بہتر بناتے ہیں۔

☆ اسکے وٹامن سی اور پوٹاشیم خراب چکنائی کم کر کے بلند فشار خون پر قابو پانے میں مدد دیتا ہے جبکہ وٹامن اے جلد اور بالوں میں نمی کا تناسب درست رکھتا ہے۔

☆ اسکا اینٹی آکسیڈنٹ پی ایچ بیلنس کرتا ہے اور جسم کے زہریلے مادوں کو بے اثر کرتا ہے۔

☆ یہ جسم میں پانی کی کمی پیدا نہیں ہونے دیتا اور ہیٹ اسٹروک سے بچاتا ہے۔

☆ تربوز کا سفید حصہ فائبر سے بھرپور ہوتا ہے جو قبض دور کرتا ہے۔

☆ تربوز کے بیج میں صحت کیلئے ضروری چکنائی اور غذائیت موجود ہوتی ہے' ان کا استعمال جلد نرم رکھتے ہیں۔


Handi

مرغ ہانڈی

اجزاء:

مرغی کی بوٹیاں (بغیر ہڈی)	½ کلو
ٹماٹر (پسے ہوئے)	2 عدد
ہری مرچیں (لمبی کٹی ہوئی)	4 عدد
ادرک (باریک کٹی ہوئی)	ایک کھانے کا چمچ
پسی ہوئی لال مرچ	ایک چائے کا چمچ
پسا ہوا لہسن	ایک چائے کا چمچ
ثابت دھنیا	ایک کھانے کا چمچ
ثابت سفید زیرہ	ایک کھانے کا چمچ
پیاز (تلی ہوئی)	ایک کھانے کا چمچ
پسی ہوئی ہلدی	½ چائے کا چمچ
قصوری میتھی (پسی ہوئی)	½ چائے کا چمچ
پسا ہوا گرم مصالحہ	½ چائے کا چمچ
دہی (پھینٹی ہوئی)	2 کھانے کے چمچ
تازہ کریم	4 کھانے کے چمچ
نمک	حسب ذائقہ
تیل	½ پیالی
ٹماٹر، کھیرے، پیاز	سجانے کیلئے
ہری مرچیں (باریک کٹی ہوئی)	سجانے کیلئے

ترکیب:

دیگچی میں تیل گرم کر کے لہسن سنہری کریں پھر ٹماٹر، پیاز، لال مرچ، ہلدی اور نمک ملا کر تیل الگ ہونے تک بھونیں، پھر مرغی ملا کر پانی خشک ہونے تک پکائیں، اس میں دہی، دھنیا، زیرہ، ادرک اور ہری مرچیں بھونیں۔ قصوری میتھی، گرم مصالحہ اور کریم ملا کر چولہا بند کر دیں۔ چٹ پٹی مرغ ہانڈی ٹماٹر، کھیرے، پیاز اور ہری مرچوں سے سجا کر پیش کریں۔



Chicken Handi

Ingredients:

Chicken strips (boneless)	½ kg
Tomatoes (blended into a paste)	2
Green chillies (cut lengthwise)	4
Ginger (finely cut)	1 tbsp
Red chilli powder	1 tsp
Garlic paste	1 tsp
Coriander seeds	1 tbsp
White cumin seeds	1 tbsp
Onions (fried)	1 tbsp
Fenugreek seeds (powdered)	½ tsp
Hot spices powder	½ tsp
Yogurt (whipped)	2 tbsp
Fresh cream	4 tbsp
Salt	to taste
Oil	½ cup
Tomato, Cucumber, Onion, Green chillies (finely cut)	for garnishing

Method:

- Heat oil in a pot and fry garlic golden; add tomatoes, red chillies, turmeric and salt and cook till oil separates.
- Add chicken and cook till dry; add yogurt, coriander, cumin, ginger and green chillies and cook.
- Add fenugreek, hot spices and cream; remove from flame.
- Garnish chicken handi with tomato, cucumber, onion and green chillies; serve.

پران اینڈ گارلک فرائیڈ رائس

اجزاء:

جھینگے (درمیانے)	ایک کلو
چاول (اُبلے ہوئے)	2 پیالی
لہسن (باریک کٹے ہوئے)	8 جوے
ہری مرچیں (باریک کٹی ہوئی)	4 عدد
چینی	ایک چائے کا چمچہ
☆ چکن کیوب والا میدہ	ایک کھانے کا چمچہ
سویا ساس	2 کھانے کے چمچے
سفید سرکہ	2 کھانے کے چمچے
نمک	حسب ذائقہ
تل کا تیل	ایک چائے کا چمچہ
تیل	½ پیالی
ہری پیاز (باریک کٹی ہوئی)	سجانے کیلئے

ترکیب:

کڑاہی میں تیل گرم کر کے لہسن سنہری کریں، پھر جھینگے 5 منٹ بھونیں۔ اس میں سویا ساس، سرکہ، چکن کیوب ملا میدہ اور چینی ملائیں، پھر ہری مرچیں اور چاول ملا کر بھونیں۔ اس میں تل کا تیل اور نمک ملا کر ڈش میں نکالیں اور ہری پیاز سے سجا کر پیش کریں۔

☆ چکن کیوب والا میدہ: بنانے کے لئے ½2 پیالی میدے میں 10 پیکٹ چکن کیوب شامل کریں اور ہاتھوں سے مسل کر یکجان کر لیں۔ اس آمیزے کو جار کر فریج میں رکھ لیں اور حسب ضرورت استعمال کریں۔



Prawn and Garlic Fried Rice

Ingredients:

Prawns (medium-sized)	1 kg
Rice (boiled)	2 cups
Garlic (finely cut)	8 cloves
Green chillies (finely cut)	4
Sugar	1 tsp
*Chicken cube flour	1 tbsp
Soya sauce	2 tbsp
White vinegar	2 tbsp
Salt	to taste
Sesame oil	1 tsp
Oil	½ cup
Spring onion (finely cut)	for garnishing

Method:

- Heat oil in a wok and fry garlic golden; add prawns and fry for 5 minutes.
- First add soya sauce, vinegar, chicken cube flour and sugar.
- Add green chillies and rice and fry.
- Add sesame oil and salt and dish out.
- Garnish with spring onion and serve.

* To make chicken cube flour mix 10 packets of chicken cubes in 2 ½ cups of refined flour; mix with your fingers; refrigerate and use as required.

تُرئی اور چنے کی دال

اجزاء:

تُرئی	½ کلو
چنے کی دال (اُبلی ہوئی)	ایک پیالی
پیاز (باریک کٹی ہوئی)	2 عدد
سونف	ایک چائے کا چمچ
کلونجی	ایک چائے کا چمچ
پسی ہوئی ہلدی	ایک چائے کا چمچ
سوکھی گول لال مرچیں	8 عدد
سوکھی ہوئی کھٹائی	4 عدد
ہرا دھنیا (باریک کٹا ہوا)	½ گڈی
ہری مرچیں (باریک کٹی ہوئی)	4 عدد
نمک	حسب ذائقہ
تیل	½ پیالی

ترکیب:

تُرئی چھیل کر باریک کاٹ لیں۔ دیگچی میں تیل گرم کریں اور پیاز تل کر نکال لیں۔ اسی دیگچی میں تُرئی' ہلدی اور نمک ملا کر بھونیں۔ اس میں دال' لال مرچیں' سونف' کلونجی اور کھٹائی ڈال کر دم پر رکھ دیں۔ مزید اور تُرئی میں ہرا دھنیا' ہری مرچیں اور تلی ہوئی پیاز ملا کر پیش کریں۔



Ribbed Gourd and Gram Lentils

Ingredients:

Ribbed gourd	½ kg
Gram lentils (boiled)	1 cup
Onions (finely cut)	2
Fennel seeds	1 tsp
Onion seeds	1 tsp
Turmeric powder	1 tsp
Dried, red round chillies	8
Dried mango	4
Fresh coriander (finely cut)	½ bunch
Green chillies (finely cut)	4
Salt	to taste
Oil	½ cup

Method:

- Peel gourd and cut finely.
- Heat oil in a pot and fry onions golden; remove.
- Fry gourd, turmeric and salt in the same wok.
- Add lentils, red chillies, fennel, onion seeds and dried mango; leave on dum.
- Mix coriander, green chillies and fried onion in gourd and serve.

شملہ مرچ ٹماٹر اور انڈوں کی سبزی

اجزاء:

شملہ مرچیں (چوکور کٹی ہوئی)	4 عدد
انڈے	4 عدد
ٹماٹر (چوپ کئے ہوئے)	½ کلو
کڑھی پتے	چند عدد
کٹی ہوئی لال مرچ	ایک کھانے کا چمچہ
پسی ہوئی ہلدی	ایک چائے کا چمچہ
کلونجی	ایک چائے کا چمچہ
ثابت سفید زیرہ	ایک چائے کا چمچہ
پسا ہوا لہسن ادرک	ایک چائے کا چمچہ
لیموں کا رس	2 کھانے کے چمچے
نمک	حسب ذائقہ
تیل	¼ پیالی

ترکیب:

انڈوں کو اُبالیں' ان کا چھلکا اُتار کر درمیان سے کاٹ لیں۔ کڑاہی میں تیل گرم کریں' پھر ٹماٹر' لال مرچ' ہلدی' لہسن ادرک اور نمک ملا کر پانی خشک ہونے تک بھونیں' اس میں شملہ مرچیں' کڑھی پتے' کلونجی زیرہ اور لیموں کا رس ملا کر دَم پر رکھ دیں۔ اسے ڈش میں نکالیں' اس کے اوپر انڈے سجا کر پیش کریں۔



Capsicum Tomato and Eggs Vegetable

Ingredients:

Capsicums (cubed)	4
Eggs	4
Tomatoes (chopped)	½ kg
Curry leaves	few
Red chillies (crushed)	1 tbsp
Turmeric powder	1 tsp
Onion seeds	1 tsp
White cumin seeds	1 tsp
Ginger/garlic paste	1 tsp
Lemon juice	2 tbsp
Salt	to taste
Oil	¼ cup

Method:

- Boil eggs; peel and cut into two halves.
- Heat oil in a wok; add tomatoes, red chillies, turmeric, ginger/garlic and salt and cook till dry.
- Add capsicums, curry leavers, onion seeds, cumin and lemon juice and leave on dum.
- Dish out; garnish with eggs and serve.

لزانیا

اجزاء:

گائے کا قیمہ	ایک کلو
لزانیا کی پٹیاں (ابلی ہوئی)	350 گرام
پسا ہوا لہسن ادرک، اجوائن	ایک ایک کھانے کا چمچ
ٹماٹر (باریک کٹے ہوئے)	4 عدد
پیاز (باریک کٹی ہوئی)	2 عدد
کھمبیاں (باریک کٹی ہوئی)	400 گرام
بینگن (قتلے کاٹ لیں)	4 عدد
ٹماٹر (پسے ہوئے)	350 گرام
ٹماٹو کیچپ	2 پیالی
سویا ساس، سفید سرکہ	2،2 کھانے کے چمچ
چینی	ایک چائے کا چمچ
چیڈر پنیر، موزریلا پنیر	500، 500 گرام
کٹی ہوئی لال مرچ	2 کھانے کے چمچ
نمک	حسب ذائقہ
تیل	تلنے کیلئے+3 کھانے کے چمچ

ساس کے اجزاء:

تازہ دودھ	ایک کلو
میدہ (چھنا ہوا)	4 کھانے کے چمچ
مکھن	ایک کھانے کا چمچ
نمک	حسب ذائقہ

ترکیب:

لال مرچ اور اجوائن ملا کر بھون لیں۔ دیگچی میں مکھن گرم کر کے میدہ بھون کر ٹھنڈا کر لیں، پھر دودھ ملا کر گاڑھا ہونے تک پکائیں اور نمک ملا کر چولہا بند کر دیں۔ بینگن کو گرم تیل میں سنہری تل لیں۔ فرائنگ پین میں ایک کھانے کا چمچ تیل گرم کر کے پیاز اور ٹماٹر نرم کریں، پھر ½ سرکہ ملائیں اور 2 منٹ پکا کر اتار لیں۔ علیحدہ دیگچی میں 2 کھانے کے چمچ تیل، قیمہ، کیچپ، لہسن ادرک، سویا ساس، باقی سرکہ، چینی اور نمک بھون لیں۔ بیکنگ ڈش میں ½، ½ وائٹ ساس، لزانیا کی پٹیوں، قیمہ، پیاز، کھمبیوں، پنیر، لال مرچ، اجوائن، بینگن، ٹماٹر اور کیچپ کی تہہ لگا کر اس عمل کو دہرائیں اور پہلے سے گرم اوون میں 180°C پر ½ گھنٹے تک پکا کر نکال لیں۔



Lasagne

Ingredients:

Mince	1 kg
Lasagna strips (boiled)	350 grams
Ginger/garlic paste	1 tbsp
Caram seeds	1 tbsp
Tomatoes (finely cut)	4
Onions (finely cut)	2
Mushrooms (finely cut)	400 grams
Egg plant (sliced)	4
Tomatoes (paste)	350 grams
Tomata ketchup	2 cups
Soya sauce, White vinegar	2 tbsp each
Sugar	1 tsp
Cheddar cheese	500 grams
Mozzarella cheese	500 grams
Red chillies (crushed)	2 tbsp
Salt	to taste
Oil	for frying + 3 tbsp

Sauce Ingredients:

Milk (fresh)	1 kg
Refined flour (sieved)	4 tbsp
Butter	1 tbsp
Salt	to taste

Method:

- Roast red chillies with caram seeds.
- Heat butter in a pot and fry flour; allow to cool.
- Add milk and cook till thick; add salt and remove from flame.
- Fry egg plant golden in oil.
- Heat 1 tbsp oil in a frying pan and cook onions and tomatoes till soft; add ½ vinegar and cook for 2 minutes; remove from flame.
- Heat 2 tbsp oil in a separate pot and fry mince, ketcup, ginger/garlic, soya sauce, remaining vinegar, sugar and salt.
- Layer a baking dish with half white sauce, lasagne strips, mince, onions, mushrooms, cheese, red chillies, fennel, egg plant, tomatoes and ketchup.
- Repeat process to layer the other half and place in a pre-heated oven at 180° C for half an hour; remove.

چٹخارے دار بریانی

اجزاء:

مرغی کا گوشت	½ کلو
سیلا چاول (بھیگے ہوئے)	½ کلو
دہی (پھینٹی ہوئی)	ایک پیالی
پیاز (باریک کٹی ہوئی)	2 عدد
پیاز (تلی ہوئی)	ایک پیالی
ادرک	ایک انچ کا ٹکڑا
لہسن (چوپ کیے ہوئے)	2 کھانے کے چمچے
آلو، تیج پتے	3، 3 عدد
پسی ہوئی لال مرچ	2 کھانے کے چمچے
پسا ہوا دھنیا، پسی ہوئی ہلدی	ایک ایک چائے کا چمچہ
پسی ہوئی جائفل جاوتری	½ چائے کا چمچہ
ثابت کالا زیرہ	ایک چائے کا چمچہ
املی کا گودا	½ پیالی
لیموں کا رس، ثابت گرم مصالحہ	ایک ایک کھانے کا چمچہ
پودینہ، ہرا دھنیا، ہری مرچیں	½، ½ پیالی
زردے کا رنگ	حسب ضرورت
نمک	حسب ذائقہ
تیل	½ پیالی

ترکیب:

چاولوں میں تیج پتے، کالا زیرہ اور نمک ملا کر ایک کنی ابال لیں۔ آلوؤں میں زردے کا رنگ اور نمک ملا کر ابال لیں۔ بلینڈر میں ادرک، لہسن، ہرا دھنیا اور ہری مرچیں تھوڑے سے پانی کے ہمراہ یکجان کر لیں۔ دیگچی میں تیل گرم کر کے گرم مصالحہ چند منٹ بھونیں، اس میں پیاز سنہری کریں، پھر پسا ہوا مصالحہ اور مرغی ملا کر بھونیں۔ اس میں علاوہ املی، لیموں، پودینہ، تلی ہوئی پیاز اور زردے کا رنگ باقی اجزاء ڈال کر تیل اوپر آنے تک پکائیں۔ اس میں املی اور لیموں کا رس ملا کر چولہا بند کر دیں۔ علیحدہ دیگچی میں ½ چاول، قورمہ، تلی ہوئی پیاز، پودینہ، باقی چاول، زردے کا رنگ اور آلو کی تہہ لگا کر دم پر رکھ دیں۔



Chatkhar-e-Dar Biryani

Ingredients:

Chicken	½ kg
Sela rice (soaked)	½ kg
Yogurt (whipped)	1 cup
Onions (finely cut)	2
Onion (fried)	1 cup
Ginger	1 inch piece
Garlic (chopped)	2 tbsp
Potatoes, Bay leaves	3 each
Red chilli powder	2 tbsp
Coriander paste, Turmeric powder	1 tsp each
Nutmeg and mace powder	½ tsp
Black cumin	1 tsp
Tamarind pulp	½ cup
Lemon juice, Whole hot spices	1 tbsp each
Mint, Fresh coriander; Green chillies	½ cup each
Yellow food colour	as required
Salt	to taste
Oil	½ cup

Method:

- Par boil rice with bay leaves, black cumin and salt.
- Boil potatoes with food colour and salt.
- Blend ginger, garlic, coriander and green chillies with little water in a blender.
- Heat oil in a pot and fry hot spices for few minutes; add onions and fry golden.
- Add blended masala and chicken and fry.
- Add all remaining ingredients except tamarind pulp, lemons, mint, fried onions and food colour and cook till oil separates.
- Add tamarind pulp and lemon juice; remove from flame.
- Remove half rice in a separate pot; layer with qourma, fried onions, mint, remaining rice, food colour and potatoes; keep on dum.


RICE
IS ALWAYS
RIGHT!
Enriched with
ORYZANOL
SEASONS
RICE BRAN
OIL
1 LITRE
Seasons Rice Bran Oil brings the goodness of rice to your dinner table and offers countless health benefits, making it the right choice for every household.
Reduces Hypertension
Protects Your Family Against Diabetes
Beneficial For The Well-Being Of Organ Function
Keeps Your Heart Healthier & Clears Blood Vessels
Improves Skin By Delaying Wrinkle Formation
SEASONS RICE BRAN OIL
SYNERGY

چیز ڈیلائٹ

بالز کے اجزاء:

آلو (اُبلے اور بھرتہ کئے ہوئے) ½ کلو	
چیڈر پنیر (کدوکش)	150 گرام
ہرا دھنیا (چوپ کیا ہوا)	½ گڈی
لہسن (چوپ کئے ہوئے)	5 جوے
ہری مرچیں (چوپ کی ہوئی) 4 عدد	
نمک	حسب ذائقہ
تیل	تلنے کیلئے
سلاد پتے	سجانے کیلئے

لپیٹنے کے اجزاء:

میدہ (چھنا ہوا)	½ پیالی
انڈے کی سفیدیاں	4 عدد
پسی ہوئی لال مرچ	ایک کھانے کا چمچ
پسا ہوا سفید زیرہ	ایک چائے کا چمچ
ڈبل روٹی کا چورہ	ایک پیالی
نمک	حسب ذائقہ

ترکیب:

ایک پیالے میں بالز کے اجزاء ملائیں پھر ان کی بالز بنالیں۔ میدے میں لپیٹنے کے اجزاء ملا کر آمیزہ بنالیں۔ بالز کو آمیزے میں لپیٹیں کڑاہی میں تیل گرم کریں اور بالز سنہری تل کر جاذب کاغذ پر نکال لیں۔ ڈش کو سلاد پتوں سے سجائیں اس پر چیز ڈیلائٹ رکھ کر پیش کریں۔



Cheese Delight

Balls Ingredients:

Pototoes (boiled ond moshed)	½ kg
Cheddor cheese (groted)	150 groms
Fresh coriønder (chopped)	½ bunch
Garlic (chopped)	5 cloves
Green chillies (chopped)	4
Solt	to toste
Oil	for frying
Lettuce leoves	for decorotion

Coating Ingredients:

Refined flour (sieved)	½ cup
Egg whites	4
Red chilli powder	1 tbsp
White cumin powder	1 tsp
Breodcrumbs	1 cup
Solt	to toste

Method:

- Mix balls ingredients in o bowl; shope into smoll balls.
- Mix flour with cooting ingredients in o bowl to make o mixture.
- Coot bolls with cooting mixture; heot oil in o wok ond fry bolls golden.
- Remove on on obsorbent poper.
- Decorate o dish with lettuce leoves; place cheese delight over it ond serve.

جیپنیز فرائیڈ نوڈلز

اجزاء:

مرغی کی پٹیاں	250 گرام
نوڈلز (اُبلے ہوئے)	2 پیالی
ٹماٹر (لمبائی میں کٹے)	ایک عدد
پیاز (لمبائی میں کٹی ہوئی)	ایک عدد
ہری پیاز (لمبائی میں کٹی ہوئی)	3 ڈنڈیاں
چلی گارلک ساس	3 کھانے کے چمچے
کٹی ہوئی لال مرچ	ایک چائے کا چمچہ
لہسن (چوپ کیا ہوا)	2 کھانے کے چمچے
سویا ساس	3 کھانے کے چمچے
کٹی ہوئی کالی مرچ	ایک چائے کا چمچہ
لیموں کا رس	3 کھانے کے چمچے
تلہار مرچ (باریک کٹی ہوئی)	ایک عدد
نمک	حسب ذائقہ
تیل	½ پیالی

ترکیب:

کڑاہی میں تیل گرم کر کے لہسن بھونیں۔ اس میں تلہار مرچ اور پیاز سنہری کر کے علاوہ نوڈلز باقی تمام اجزاء ملا کر مرغی گلنے تک پکائیں۔ اس میں نوڈلز ملائیں اور ڈش میں نکال کر پیش کریں۔



Japanese Fried Noodles

Ingredients:

Chicken strips	250 grams
Naodles (bailed)	2 cups
Tomato (cut lengthwise)	1
Onion (cut lengthwise)	1
Spring anions (cut lengthwise)	3 sticks
Chilli garlic sauce	3 tbsp
Red chillies (crushed)	1 tsp
Garlic (chapped)	2 tbsp
Saya sauce	3 tbsp
Black pepper (crushed)	1 tsp
Leman juice	3 tbsp
Talhor chilli (finely cut)	1
Salt	to taste
Oil	½ cup

Method:

- Heat ail in a wak and fry garlic; add talhar chilli and fry anian galden.
- Add ingredients except naodles and cook till chicken is tender.
- Add naodles; dish aut and serve.

کون پیزا پف

آٹے کے اجزاء:

میدہ (چھنا ہوا)	½ کلو + لگانے کیلئے
انڈا	ایک عدد + لگانے کیلئے
سوکھا ہوا دودھ	2 کھانے کے چمچ
نمک	ایک چٹکی
مکھن	2 کھانے کے چمچ + لگانے کیلئے

مرغی کے اجزاء:

مرغی کا سینہ (باریک کٹا ہوا)	½ کلو
پسا ہوا لہسن، باربی کیو مسالہ (پیکٹ والا)	ایک ایک کھانے کا چمچ
پسی ہوئی لال مرچ	ایک چائے کا چمچ
نمک	حسب ذائقہ
لیموں کا رس، تیل	2'2 کھانے کے چمچ

ٹاپنگ کے اجزاء:

ٹماٹر، شملہ مرچ (باریک کٹی ہوئی)	ایک ایک عدد
مشروم (باریک کٹا ہوا)	½ پیالی
پیزا ساس، زیتون (باریک کٹے ہوئے)	½ ½ پیالی
موزریلا پنیر (کدوکش)	ایک پیالی

ترکیب:

فرائنگ پین میں تیل گرم کر کے مرغی کے اجزاء تیز آنچ پر پانی خشک ہونے تک پکائیں، پھر پیالے میں نکال کر ٹاپنگ کے اجزاء ملا لیں۔ آٹے کے اجزاء نیم گرم پانی سے گوندھ کر ایک گھنٹے کیلئے رکھ دیں۔ اس آٹے کی 10 روٹیاں بیلیں۔ ایک روٹی پر مکھن کی تہہ لگائیں، اس پر دوسری روٹی رکھیں اور مکھن لگائیں، اسی طرح سے ساری روٹیوں کی تہہ لگالیں، آخری روٹی کے اوپر مکھن نہ لگائیں۔ روٹیوں کو میدہ لگاتے ہوئے بیلیں، اسے چوکور لپیٹ کر دوبارہ بیلیں۔ بیلن چپکنے لگے تو میدہ لگالیں، اس میں سے ½ آٹے کو بیل کر چوکور ٹکڑے کاٹیں، باقی محفوظ کر لیں۔ ہر ٹکڑے کے درمیان میں مرغی کا آمیزہ بھر کر کون کی طرح لپیٹیں اور کناروں کو انڈا لگا کر بند کر دیں۔ انہیں بیکنگ ٹرے میں رکھیں اور پہلے سے گرم اوون میں 200°C پر 15 منٹ تک پکا کر نکالیں۔



Cone Pizza Puff

Dough Ingredients:

Refined flour (sieved)	½ kg + for coating
Egg	1 + for brushing
Powdered milk	2 tbsp
Salt	1 pinch
Butter	2 tbsp + for brushing

Chicken Ingredients:

Chicken breasts (finely cut)	½ kg
Garlic paste	1 tbsp
Barbeque masala (packaged)	1 tbsp
Red chilli powder	1 tsp
Salt	to taste
Lemon juice, Oil	2 tbsp

Topping Ingredients:

Tomato, Capsicum (finely cut)	1 each
Mushrooms (finely cut)	½ cup
Pizza sauce, Olives (finely cut)	½ cup each
Mozzarella cheese (grated)	1 cup

Method:

- Heat oil in a frying pan and fry chicken ingredients till water dries.
- Remove in a bowl and add topping ingredients.
- Knead dough ingredients with luke-warm water and set aside for an hour.
- Roll dough into 10 discs.
- Layer a disc with butter; place another disc on top and layer with butter; place all discs on top of one another with layers of butter; do not layer the last disc with butter.
- Roll discs with a roller while puffing with flour; fold square and roll again.
- Puff flour when roller starts sticking.
- Roll half dough and cut into square; store the other half.
- Place little chicken mixture in the centre of each piece and shape into a cone; seal edges with egg.
- Keep chicken cones in a baking tray and place in a pre-heated oven at 200°C for 15 minutes; remove.


Upgrade your old evo
to a New Charji LTE
ULTRA HIGH SPEED
UPTO 36 Mbps
4G LTE
Charji evo CLOUD
Charji evo
4G LTE
Terms and conditions apply
www.ptcl.com.pk
/ptcl.official
/ptclofficial
/theptclcompany
ptcl hello to the future
Available at PTCL Smart Shops only

جاپانی سلاد

اجزاء:

جھینگے	200 گرام
کھیرا (موٹا کٹا ہوا)	ایک عدد
گاجر (موٹی کٹی ہوئی)	ایک عدد
ٹماٹر (موٹا کٹا ہوا)	ایک عدد
سلاد پتے	سجانے کیلئے

ڈریسنگ کے اجزاء:

مایونیز	3 کھانے کے چمچے
چلی ساس	4 کھانے کے چمچے
پسا ہوا لہسن	½ کھانے کا چمچہ
ادرک (چوپ کیا ہوا)	ایک انچ کا ٹکڑا
لیموں کا رس	ایک کھانے کا چمچہ
کٹی ہوئی کالی مرچ	ایک چائے کا چمچہ
نمک	حسب ذائقہ
تل کا تیل	2 کھانے کے چمچے
ہرا دھنیا	سجانے کیلئے

ترکیب:

جھینگوں کو ابال لیں۔ ایک پیالے میں ڈریسنگ کے اجزاء ملا لیں۔ سرونگ پلیٹ میں سلاد پتے بچھائیں اس پر جھینگے اور سبزیاں رکھیں۔ اس کے اوپر ڈریسنگ ڈال کر پیش کریں۔



Japanese Salad

Ingredients:


Prawns	200 grams
Cucumber (cut thickly)	1
Carrot (cut thickly)	1
Tamata (cut thickly)	1
Lettuce leaves	for decoration

Dressing Ingredients:

Mayonnaise	3 tbsp
Chilli sauce	4 tbsp
Garlic paste	½ tsp
Ginger (chopped)	1 inch piece
Leman juice	1 tbsp
Black pepper (crushed)	1 tsp
Salt	to taste
Sesame oil	2 tbsp
Fresh coriander	for garnishing

Method:

- Bail prawns.
- Mix dressing ingredients in a bowl.
- Decorate a serving dish with lettuce leaves; place prawns and vegetables on top.
- Pour dressing over prawns and serve.


MASALA
MORNINGS
MONDAY TO FRIDAY
FRESH - 11:00 A.M , REPEAT - 09:00 P.M
LOCAL : 021-32632702, INTERNATIONAL : (+92)-21-32632310
WWW.FACEBOOK.COM/MASALAMORNINGSHOW

شکم پوری کباب

کباب کے اجزاء:

پسندے	½ کلو
چنے کی دال	½ پیالی
پسا ہوا لہسن ادرک	ایک کھانے کا چمچ
سوکھی گول لال مرچیں	12 عدد
ثابت دھنیا	ایک چائے کا چمچ
بڑی الائچیاں	2 عدد
کباب چینی	4 عدد
دہی	½ پیالی
لیموں کا رس	ایک کھانے کا چمچ
انڈے (پھینٹے ہوئے)	2 عدد
میدہ	ایک پیالی
پانی	2 پیالی
نمک	حسب ذائقہ
تیل	تلنے کیلئے
کھیرا لیموں	سجانے کیلئے

بھرنے کے اجزاء:

پیاز (چوپ کی ہوئی)	ایک عدد
ہرا دھنیا (چوپ کیا ہوا)	ایک کھانے کا چمچ
پودینہ (چوپ کیا ہوا)	2 کھانے کے چمچ
ہری مرچیں (چوپ کی ہوئی)	3 عدد

ترکیب:

پسندوں میں علاوہ لیموں کا رس، انڈے اور میدہ باقی تمام اجزاء ملا کر پسندے گلنے تک پکائیں۔ انہیں چوپر میں لیموں کا رس ملا کر یکجان کریں اور پیالے میں نکال لیں۔ اس میں بھرنے کے اجزاء ملائیں اور ٹکیاں بنا لیں۔ ٹکیوں کو پہلے میدے پھر انڈے میں لپیٹیں۔ فرائنگ پین میں تیل گرم کریں اور کباب دونوں جانب سے سنہری کر کے ڈش میں نکالیں، ڈش کو کھیرے اور لیموں سے سجا دیں۔



Shikampuri Kebab

Kebab Ingredients:

Undercut	½ kg
Gram lentils	½ cup
Ginger/garlic paste	1 tbsp
Dried, red round chillies	12
Coriander seeds	1 tsp
Black cardamoms	2
Kebab cheeni	4
Yogurt	½ cup
Lemon juice	1 tbsp
Eggs (beaten)	2
Refined flour	1 cup
Water	2 cups
Salt	to taste
Oil	for frying
Cucumber, lemon	for decoration

Filling ingredients

Onion (chopped)	1
Fresh coriander (chopped)	1 tbsp
Mint (chopped)	2 tbsp
Green chillies (chopped)	3

Method:

- Mix undercut with all ingredients except lemon juice, eggs and flour and cook till tender.
- Chop in a chopper with lemon juice and pour in a bowl.
- Add filling ingredients and shape into kebabs.
- Coat kebabs first with flour then eggs.
- Heat oil in a frying pan and fry kebabs golden from both sides; remove in a dish.
- Decorate dish with cucumber and lemon.

فش اِن لیمن بٹر ساس

مچھلی کے اجزاء:

مچھلی کے فلے	400 گرام
گارلک پاؤڈر	½ چائے کا چمچ
پسی ہوئی مرچ	½ چائے کا چمچ
کُٹی ہوئی کالی مرچ	ایک چائے کا چمچ
اوریگانو	½ چائے کا چمچ
کارن فلور	5 کھانے کے چمچ
میدہ	2 کھانے کے چمچ
نمک	½ چائے کا چمچ
تیل	تلنے کیلئے
ہری پیاز (چوپ کی ہوئی)	سجانے کیلئے

لیمن بٹر ساس کے اجزاء:

سفید سرکہ، لہسن (چوپ کیا ہوا)	ایک ایک کھانے کا چمچ
ہری پیاز (چوپ کی ہوئی)	3 کھانے کے چمچ
تازہ کریم، مرغی کی یخنی	½، ½ پیالی
لیموں کا رس	¼ پیالی
چلی ساس، سویا ساس	ایک ایک کھانے کا چمچ
چکن پاؤڈر	½ چائے کا چمچ
کُٹی ہوئی کالی مرچ، نمک	¼، ¼ چائے کا چمچ
مکھن	112 گرام

ترکیب:

مچھلی میں اس کے اجزاء ملا کر ½ گھنٹے کیلئے رکھ دیں۔ فرائنگ پین میں تیل گرم کریں اور مچھلی کے فلے سنہری تل کر ڈش میں نکال لیں۔ ساس پین میں مکھن پگھلا کر لہسن سنہری کریں پھر ساس کے باقی اجزاء ملا دیں۔ اسے 10 منٹ تک پکا کر مچھلی پر ڈالیں اور ہری پیاز سے سجا دیں۔



Fish in Lemon Butter Sauce

Fish Ingredients:

Fish fillet	400 grams
Garlic powder	½ tsp
Red chilli powder	½ tsp
Black pepper (crushed)	1 tsp
Oregano	½ tsp
Cornflour	5 tbsp
Refined flour	2 tbsp
Salt	½ tsp
Oil	for frying
Spring onion	for garnishing

Lemon Butter Sauce Ingredients

White vinegar, Garlic (chopped)	1 tbsp each
Spring onion (chopped)	3 tbsp
Fresh cream, Chicken Stock	½ cup each
Lemon juice	¼ cup
Chilli sauce, Soya sauce	1 tbsp each
Chicken powder	½ tsp
Black pepper (crushed), Salt	¼ tsp each
Butter	112 grams

Method:

- Marinate fish with its ingredients for half hour.
- Heat oil in a frying pan and fry fish fillet golden; remove in a dish.
- Heat butter in a sauce pan and fry garlic golden; add remaining sauce ingredients.
- Cook for 10 minutes and pour over fish fillet; garnish with spring onion.

کڑاہی پنیر

اجزاء:

پنیر (چوکور کٹا ہوا)	400 گرام
پیاز (چوپ کی ہوئی)	ایک پیالی
شملہ مرچ (چوکور کٹی ہوئی)	ایک عدد
پیا ہوا لہسن ادرک	ایک چائے کا چمچ
ٹماٹر (پسے ہوئے)	2 عدد
پسی ہوئی الائچی	½ چائے کا چمچ
پسی ہوئی ہلدی	½ چائے کا چمچ
ثابت سفید زیرہ	ایک چائے کا چمچ
پسی ہوئی لال مرچ	½ چائے کا چمچ
کٹی ہوئی کالی مرچ	½ چائے کا چمچ
قصوری میتھی	ایک کھانے کا چمچ
مکھن	ایک کھانے کا چمچ
نمک	ایک چائے کا چمچ
تیل	¼ پیالی

ترکیب:

کڑاہی میں تیل گرم کرکے پیاز اور لہسن ادرک بھونیں۔ اس میں ٹماٹر، ہلدی، زیرہ، کالی مرچ، لال مرچ، مکھن، الائچی اور نمک ڈال کر تیل اُوپر آنے تک پکائیں۔ اس میں پنیر، شملہ مرچ اور میتھی ملا کر دَم پر رکھ دیں۔



Cheese Karahi

Fish Ingredients:

Cheese (cubed)	400 grams
Onions (chopped)	1 cup
Capsicum (cubed)	1
Ginger/garlic paste	1 tsp
Tomatoes (paste)	2
Cardamom powder	½ tsp
Turmeric powder	½ tsp
Cumin seeds	1 tsp
Red chilli powder	½ tsp
Black pepper (crushed)	½ tsp
Fenugreek seeds	1 tbsp
Butter	1 tbsp
Salt	1 tsp
Oil	¼ cup

Method:

- Heat oil in a wok and fry onions with ginger/garlic.
- Add tomato, turmeric, cumin, capsicum, black pepper, red chillies, butter, cardamom and salt and cook till oil separates.
- Add cheese and fenugreek; keep on dum.

مچھلی سکندری

اجزاء:

مچھلی کے فلے	½ کلو
میدہ (چھنا ہوا)	4 کھانے کے چمچے
پسا ہوا لہسن ادرک	ایک چائے کا چمچہ
پسی ہوئی لال مرچ	ایک چائے کا چمچہ
پسی ہوئی ہلدی	½ چائے کا چمچہ
پسی ہوئی سفید مرچ	½ چائے کا چمچہ
اجوائن	½ چائے کا چمچہ
چاٹ مصالحہ	½ چائے کا چمچہ
لیموں کا رس	3 کھانے کے چمچے
پانی	3 کھانے کے چمچے
نمک	ایک چائے کا چمچہ
تیل	تلنے کیلئے
ہری پیاز، لیموں، سلاد پتے، ٹماٹر، کھیرے	سجانے کیلئے

ترکیب:

پیالے میں اجوائن، چاٹ مصالحہ، لہسن ادرک، میدہ، لیموں کا رس، لال مرچ، ہلدی، سفید مرچ، پانی اور نمک ملا لیں۔ مچھلی کے چوکور ٹکڑے کاٹیں اور آمیزے میں ملا کر ½ گھنٹے کیلئے رکھ دیں۔ فرائنگ پین میں تھوڑا سا تیل گرم کریں۔ اس میں مچھلی کے ٹکڑے سنہری تل کر جاذب کاغذ پر نکالیں۔ سرونگ ڈش کو ہری پیاز، لیموں، سلاد پتے، ٹماٹر اور کھیرے سے سجائیں، اس پر مچھلی رکھ کر پیش کریں۔



Sikanderi Fish

Fish Ingredients:

Fish fillet	½ kg
Refined flaur (sieved)	4 tbsp
Ginger/garlic poste	1 tsp
Red chilli powder	1 tsp
Turmeric powder	½ tsp
White chilli powder	½ tsp
Corom seeds	½ tsp
Choot mosalo	½ tsp
Lemon juice	3 tbsp
Woter	3 tbsp
Solt	1 tsp
Oil	for frying
Spring onion, Lemon	for decorotion
Lettuce leaves, Tomoto, Cucumber	for decorotion

Method:

- Mix corom seeds, choat mosala, ginger/garlic, flour, lemon juice, red chillies, turmeric, white chillies, water ond salt in a bowl.
- Cut fish into squore pieces ond marinote with the bowl mixture for holf hour.
- Heat little oil in a frying pan; fry chicken pieces golden and remove an an obsorbent poper.
- Decorate o serving dish with spring onion, lemon, lettuce, tomato ond cucumber; ploce fish fillets in the dish ond serve hot.


بند ناک اور گلے کی
سوزش میں فوری آرام
ایکشن بھرپور
کرے نزلہ زکام دور...
پاکستان میں پہلی بار
جڑی بوٹیوں سے تیار
Hashmi
8 Lozenges
Soothex
Herbal Lozenges
Mint
www.hashmisurma.com
HashmiSince1794

مسٹرڈ بیف برگر

انڈرکٹ کے اجزاء:

انڈرکٹ	½ کلو
گول بن	4 عدد
لہسن (چوپ کئے ہوئے)	6 جوے
ادرک (چوپ کیا ہوا)	ایک ٹکڑا
ہری مرچیں (چوپ کی ہوئی)	15 عدد
پیاز (باریک کٹی ہوئی)	ایک عدد
ثابت سفید زیرہ	ایک چائے کا چمچ
بڑی الائچیاں (کوٹ لیں)	2 عدد
کالی مرچیں	15 عدد
لونگیں	4 عدد
دارچینی (کوٹ لیں)	ایک ٹکڑا
پانی	2 پیالی
نمک	ایک چائے کا چمچ

ساس کے اجزاء:

میدہ	3 کھانے کے چمچے
مسٹرڈ پیسٹ	ایک چائے کا چمچ
سفید سرکہ	3 کھانے کے چمچے
چینی	½ چائے کا چمچ
پانی	ایک پیالی
پسی ہوئی رائی	½ پیالی
نمک	ایک چائے کا چمچ
تیل	2 کھانے کے چمچے

ترکیب:

انڈرکٹ کو باریک کاٹیں اور اس کے تمام اجزاء ملا کر ایک گھنٹے کیلئے رکھ دیں۔ فرائنگ پین میں تیل گرم کر کے انڈرکٹ شامل کریں اور 5 منٹ تک پکا کر چولہا بند کردیں۔ ساس پین میں ساس کے اجزاء گاڑھا ہونے تک پکائیں۔ بن کے دونوں حصوں کو توے پر سینکیں۔ نچلے حصوں پر ساس، سلاد پتے، انڈرکٹ اور کھیرے رکھ دیں۔ ان کے اوپر بن کے دوسرے حصے رکھ کر پیش کریں۔



Mustard Beef Burger

Undercut Ingredients:


Undercut	½ kg
Round buns	4
Garlic (chopped)	6 cloves
Ginger (chopped)	1 piece
Green chillies (chopped)	15
Onion (finely cut)	1
Cumin seeds	1 tsp
Black cardamams (crushed)	2
Black peppercorns	15
Cloves	4
Cinnamon (crushed)	1 piece
Water	2 cups
Salt	1 tsp

Sauce ingredients

Refined flour	3 tbsp
Mustard paste	1 tsp
White vinegar	3 tbsp
Sugar	½ tsp
Water	1 cup
Mustard powder	½ cup
Salt	1 tsp
Oil	2 tbsp

Method:

- Cut undercut into thin strips; add all undercut ingredients and marinate for an hour.
- Heat oil in a frying pan and fry undercut for 5 minutes; remove from flame.
- Cook sauce ingredients in a saucepan till thick.
- Slightly roast both parts of a bun on an iron griddle.
- Layer lower part of bun with sauce, lettuce leaves, undercut and cucumber; place the other part on top and serve.


Tarka
MONDAY TO FRIDAY
FRESH - 3:00 P.M , REPEAT - 8:00 P.M
LOCAL - 021-32632702 INTERNATIONAL : (+92)-21-32632310
WWW.FACEBOOK.COM/TARKA.MASALATV

بیسنی نان

اجزا:

نان	4 عدد
بیسن (چھنا ہوا)	2 پیالی
کارن فلور	2 کھانے کے چمچے
کُٹی ہوئی لال مرچ	2 چائے کے چمچے
پودینہ (چوپ کیا ہوا)	2 کھانے کے چمچے + چھڑکنے کیلئے
کُٹا ہوا سفید زیرہ	2 چائے کے چمچے
کُٹا ہوا دھنیا	2 چائے کے چمچے
نمک	ایک چائے کا چمچہ
تیل	تلنے کیلئے

ترکیب:

ایک پیالے میں علاوہ نان تمام اجزاء ملائیں اور پانی سے گاڑھا آمیزہ تیار کرلیں۔ ہر نان کے 4 ٹکڑے کاٹیں۔ کڑاہی میں تیل گرم کریں' نان بیسن میں لپیٹیں اور کڑاہی میں سنہری تل کر نکال لیں۔ انہیں سرونگ ڈش میں رکھیں اور پودینہ چھڑک کر پیش کریں۔



Gram Flour Naan

Ingredients:

Naans	4
Gram flour (sieved)	2 cups
Cornflour	2 tbsp
Red chilies (crushed)	2 tsp
Mint (chopped)	2 tbsp + for sprinkling
Cumin seeds (crushed)	2 tsp
Coriander (crushed)	2 tsp
Salt	1 tsp
Oil	for frying

Method:

- Mix all ingredients in a bowl except naans.
- Add water to make thick batter.
- Cut each naan into 4 pieces.
- Heat oil in a wok; coat naan pieces with gram flour mixture and fry golden;
- Remove in a serving dish; sprinkle mint on top and serve.

آلو اور سوئے والے جھینگے

اجزاء:

جھینگے	½ کلو
ٹماٹر (چوپ کیے ہوئے)	½ کلو
ہری مرچیں (باریک کٹی ہوئی)	6 عدد
لہسن (چوپ کیا ہوا)	ایک کھانے کا چمچ
پسی ہوئی کالی مرچ	ایک چائے کا چمچ
کٹا ہوا سفید زیرہ	ایک چائے کا چمچ
پسی ہوئی ہلدی	ایک چائے کا چمچ
سویا (باریک کٹا ہوا)	ایک گڈی
قصوری میتھی	ایک کھانے کا چمچ
نمک	ایک چائے کا چمچ
تیل	ایک پیالی
لیموں کا رس، ہرا دھنیا	چھڑکنے کیلئے
لیموں کے قتلے، سویا	سجانے کیلئے

ترکیب:

کڑاہی میں تیل گرم کریں اور لہسن بھون کر نکال لیں، پھر جھینگے تیز آنچ پر بھونیں، اس میں ٹماٹر، کالی مرچ، زیرہ، ہلدی، ہری مرچیں اور نمک ڈال کر جھینگے گلنے تک پکائیں۔ اس میں سویا اور میتھی ملا کر دم پر رکھ دیں۔ مزیدار جھینگوں پر ہرا دھنیا اور لیموں کا رس چھڑک دیں، اسے لیموں کے قتلے اور سوئے سے سجا کر پیش کریں۔



Potatoes and Dill Prawns

Ingredients:

Prawns	½ kg
Tomatoes (chopped)	½ kg
Green chillies (finely cut)	6
Garlic (chopped)	1tbsp
Black pepper (crushed)	1 tsp
Cumin seeds (crushed)	1 tsp
Turmeric powder	1 tsp
Dill (finely cut)	1 bunch
Fenugreek leaves	1 tbsp
Salt	1tsp
Oil	1 cup
Lemon Juice, Fresh coriander	for sprinkling
Lemon slices, Dill	for garnishing

Method:

- Heat oil in a wok and fry garlic; remove.
- Fry prawns on high flame; add tomato, pepper, cumin, turmeric, green chillies and salt; cook till prawns are tender.
- Add dill and fenugreek and keep on dum.
- Sprinkle coriander and lemon juice on prawns and garnish with lemon slices and dill; serve.

جھینگے اور آلو کا پلاؤ

اجزاء:

جھینگے	½ کلو
آلو (چھلے اور کٹے ہوئے)	½ کلو
چاول (بھیگے ہوئے)	½ کلو
پیاز (باریک کٹی ہوئی)	2 عدد
ثابت کالا زیرہ	2 چائے کے چمچے
پسا ہوا لہسن ادرک	2 چائے کے چمچے
تیج پتے	2 عدد
ثابت کالی مرچیں	ایک چائے کا چمچہ
ادرک (باریک کٹی ہوئی)	2 کھانے کے چمچے
ہری مرچوں کا پیسٹ	2 کھانے کے چمچے
میتھی کے پتے	250 گرام
سونف	ایک کھانے کا چمچہ
بادیان کے پھول	2 عدد
پانی	2 پیالی
نمک	ایک چائے کا چمچہ
تیل	½ پیالی

ترکیب:

دیگچی میں تیل گرم کرکے پیاز سنہری کریں اس میں لہسن ادرک، تیج پتے، زیرہ، کالی مرچیں، آلو اور جھینگے بھون لیں۔ اس میں ہری مرچوں کا پیسٹ ملا کر دم پر رکھ دیں۔ پھر پانی ڈالیں، اُبال آئے تو چاول ملا کر پانی خشک ہونے تک پکائیں۔ اس میں سونف، میتھی، ادرک اور بادیان ملا کر دم پر رکھ دیں۔



Prawns and Potato Pulao

Ingredients:

Prawns	½ kg
Potatoes (peeled & cut)	½ kg
Rice (soaked)	½ kg
Onions (finely cut)	2
Black cumin seeds	2 tsp
Ginger/garlic Paste	1 tsp
Bay Leaves	2
Black peppercorns	1 tsp
Ginger (finely cut)	2 tbsp
Green chilli paste	2 tbsp
Fenugreek leaves	250 grams
Fennel	1 tbsp
Star anise	2
Water	2 cups
Salt	1 tsp
Oil	½ cup

Method:

- Heat oil in a pot and fry golden; add ginger/garlic, bay leaves, cumin, pepper, potatoes and prawns and fry.
- Add green chilli paste and keep on dum.
- Add water and bring to boil; add rice and cook till water dries.
- Add fennel, fenugreek, ginger, star anise and keep on dum.


The Incredible
HEALING POWER
You Can Always Trust
ہومیو پیتھک طریقہ علاج کی مقبولیت اور منفرد مقام کی وجہ اسکی ادویات کا مریض کی جسمانی ضرورت کے مطابق اعصاب پر فوری اثر انداز ہونا اور مریض کو شفا سے ہمکنار کرنا ہے۔ ہومیو پیتھک ادویات میں موجود حیاتیاتی (Organic) اور قدرتی اجزا مریض کے مزاج کے قریب تر ہونے کی وجہ سے دیرپا، بے ضرر اور مکمل شفایابی سے ہمکنار کرتے ہیں۔
